Maulana Azad National Urdu University
M.A. : Urdu, IV Semester Examination, July 2023
Paper - MAUR401CCT : Tahqeeq o Tanqeed
پرچہ : تحقیق وتنقید

Time : 3 hrs

Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جوب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال:1

i. درج ذیل میں سے کون تحقیق وتدوین کے ارکان اربعہ میں شامل نہیں ہے۔

(a) پروفیسر محمود شیرانی (b) قاضی عبدالودود (C) مولانا امتیاز علی خاں عرشی (D) گیان چند جین

ii. مثالی محقق قاضی عبدالودود کے بے رنگ و بے کیف انداز تحریر کو دیکھ کر کس نے کہا تھا کہ ''قاضی صاحب کے مضمون کا اسلوب چیخ چیخ کر پکارتا ہے مجھے نہ پڑھو''۔

(a) گیان چند جین (b) مولانا امتیاز علی خاں عرشی (C) رشید حسن خاں (D) پروفیسر محمود شیرانی

iii. کس کا تعلق جمالیاتی وتاثراتی تنقید سے نہیں ہے

(a) نیاز فتح پوری (b) فراق گورکھپوری (C) سید احتشام حسین (D) محمد حسین آزاد

iv. عملی تنقید کی بہترین مثال ہے ۔

(a) موازنہ انیس ودبیر (b) شعر،غیر شعر اور نثر (C) آب حیات (D) جدیت کی فلفیانہ اساس

v. شمس الرحمٰن فاروقی نے بڑے نقاد کی تین پہچان بتائی تھی۔ درج ذیل میں سے کون اس میں شامل نہیں ہے۔

(a) نقاد کا ادبی سرمایہ وافر ہو (b) بیشتر معاملات میں اس کی اپنی رائے ہو

(c) آشتی پسند ہو (d) مربوط اور مرتب نظام فکر کا مالک ہو

vi. مولوی عبدالحق کے برعکس کس نے کہا تھا کہ میر تقی میر کے یہاں قنوطیت نہیں ہے بلکہ نشاط وسرخوشی ہے اور وہ تنقیح کے امام ہیں۔

(a) آل احمد سرور (b) مجنوں گورکھپوری (c) محمد حسین آزاد (d) فراق گورکھپوری

vii. مالک رام کے علاوہ دیوان غالب کے نسخۂ بھوپال کو نسخۂ حمیدیہ کون کہتا ہے۔

(a) امتیاز علی خاں عرشی (b) محمود شیرانی (c) مفتی انوار الحق (d) آل احمد سرور

viii. ''ان کی زبان تنقید کی زبان ہے اور وہ قصداً Inductive (استقرائی واستدلالی) طریقے استعمال کرتے ہیں اور یہ دلچسپ بھی ہے۔ لیکن وہ ضرورت سے زیادہ Argument میں الجھا دیتے ہیں''۔ کلیم الدین احمد کی یہ رائے کس ناقد کے بارے میں تھی۔

(a) آل احمد سرور (b) شمس الرحمٰن فاروقی (c) احتشام حسین (d) گوپی چند نارنگ

ix. مشہور زمانہ اور متنازعہ مضمون ''مصنف کی موت'' (The Death of the Author) کا مضمون نگار کون ہے۔

(a) رولاں بارتھ (b) پال ریکیور (c) گیڈمیر (d) آسکر وائلڈ

x. کس فلسفی نے پہلے مابعد جدیدیت اور پس ساختیات کی تبلیغ اور پھر اس سے انحراف کیا لیکن والٹر بنجامن کی طرح ردتشکیل کے نظریہ کو وسعت بخشی۔

(a) گیڈمیر (b) ژاک دریدا (c) رولاں بارتھ (d) پال ریکیور

حصہ دوم

2. تنقید اور تحقیق کی تعریف بالتفصیل بیان کیجیے۔

3. مواد اور زاویہ نظر کی بنیاد پر تحقیق کی کم از کم تین قسموں کی وضاحت کیجیے۔

4. مابعد جدیدیت کے مثبت و منفی پہلوؤں کو اجاگر کیجیے۔

5. جدیدیت کے پیش رو شمس الرحمٰن فاروقی کا سوانحی خاکہ پیش کیجیے۔

6. '' ردتشکیل اور بین المتونیت'' سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ واضح کیجیے۔

7. مابعد نوآبادیاتی تنقید کی تفصیل بیان کیجیے۔

8. آل احمد سرور کے متنوع علمی و ادبی سروکار سے بحث کیجیے۔

9. گوپی چند نارنگ کے شامل نصاب تحقیقی مضمون ''فیض کو کیسے نہ پڑھیں'' کے اہم نکات کو اپنے لفظوں میں بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10. تحقیق و تنقید کے باہمی رشتوں پر روشنی ڈالیے۔

11. ترقی پسندی اور جدیدیت کے امتیازات و افتراقات کی وضاحت کیجیے

12. شامل نصاب مضمون ''میر کے مطالعے کی اہمیت'' کی روشنی میں آل احمد سرور کی تنقید نگاری کا جائزہ لیجیے۔

13. احتشام حسین کے تنقیدی نظریات کا محاکمہ کیجیے۔

14. شمس الرحمٰن فاروقی کے معرکتہ الآرا مضمون ''شعر غیر شعر اور نثر'' کے اہم مباحث پر اظہار خیال کیجیے۔

☆☆☆